آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ
Daily SHAL
شال
کوئٹہ
www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز بدھ 08 ستمبر 2021ء بمطابق 30 محرم الحرام 1443ھ | شمارہ نمبر 228

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:00
ظہر	1:30
عصر	5:00
مغرب	7:00
عشاء	08:30

اہل تشیع

فجر صبح	04:45
ظہرین	01:00
مغربین	08:00

پاکستان میں کورونا سے مزید 98 افراد چل بسے، 3316 نئے کیسز رپورٹ

ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 31 ویں نمبر پر پہنچ گیا، نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 3 ہزار 316 کیسز سامنے آئے ہیں

مزید 98 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 3 ہزار 270 مریض شفایاب ہو گئے، مثبت کیسز کی شرح 6 اعشاریہ 33 فیصد ہوگئی۔ پاکستان بھر میں کورونا وائرس کے اب تک 26 ہزار 330 مریض انتقال کر چکے ہیں

ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، ہیلتھ فیسیلیٹیز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 92 ہزار 315 مریض زیر علاج ہیں، جن میں سے 5 ہزار 478 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، جبکہ 10 لاکھ 67 ہزار 589 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سماجی فاصلے، ماسک کو نظر انداز کرنے اور ایس او پیز کی خلاف ورزیوں کے باعث پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی لہر زور پکڑنے لگی، ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 31 ویں نمبر پر پہنچ گیا۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 3 ہزار 316 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 98 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 3 ہزار 270 مریض شفایاب ہو گئے، مثبت کیسز کی شرح 6 اعشاریہ 33 فیصد ہوگئی۔ پاکستان بھر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر اعظم عمران خان وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پرویز مشرف نے طاقتور طبقے کو این آر او دے کر بڑا ظلم کیا، وزیر اعظم

60 کی دہائی میں پاکستان کو دیکھ کر متعدد ممالک نے اپنا نظام بہتر کیا لیکن پھر 80 کی دہائی کے بعد پاکستان ہر میدان میں تنزلی کا شکار ہونا شروع ہو گیا، ایسے ملک میں قانون نہیں بلکہ طاقتور طبقے کی حکمرانی ہوتی ہے

پاکستان میں قانون کی بالادستی نہ ہونے کی وجہ سے ہمارا ملک ایشیا کے بیشتر ممالک کے مقابلے میں ترقی کے میدان میں پیچھے رہ گیا ہے، حکومت انصاف کی فراہمی کے لیے درکار وسائل دینے کے لیے ہر ممکن تعاون کریں گے

طاقتور طبقوں نے عوام کے پیسے ڈاکہ ڈالا تھا، طاقت ور ہمیشہ قانون سے اوپر رہنا چاہتا ہے، پاکستان کا المیہ رہا کہ ملک میں امیر اور غریب کیلئے الگ قانون بن گیا، عمران خان کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے ملک میں قانون کی بالادستی اور حکمرانی کے فقدان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سابق صدر اور آل پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ جنرل (ر) پرویز مشرف نے طاقتور طبقے کو این آر او دے کر ملک پر سب سے بڑا ظلم کیا، طاقتور طبقوں نے عوام کے پیسے ڈاکہ ڈالا تھا، طاقت ور ہمیشہ قانون سے اوپر رہنا چاہتا ہے، پاکستان کا المیہ رہا کہ ملک میں امیر اور غریب کیلئے الگ قانون بن گیا، پاکستان میں قانون کی بالادستی نہ ہونے کی وجہ سے ہمارا ملک ایشیا کے بیشتر ممالک کے مقابلے میں ترقی کے میدان میں پیچھے رہ گیا ہے، حکومت انصاف کی فراہمی کے لیے درکار وسائل دینے کے لیے ہر ممکن تعاون کریں گے۔ منگل کو یہاں ڈسٹرکٹ کورٹس کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

آرمی چیف نے فیک نیوز کو ملکی سلامتی کیلئے خطرہ قرار دیا ہے، فواد چوہدری

آزادی صحافت کو سب سے بڑا خطرہ زرد صحافت سے ہے، وزیر اطلاعات کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ آرمی چیف نے فیک نیوز کو ملکی سلامتی کیلئے خطرہ قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات فواد چوہدری نے کہا کہ یوم دفاع کی تقریب سے خطاب میں آرمی چیف جنرل

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

فیک نیوز بڑا چیلنج ہے، صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے کنٹریکٹ پر عملدرآمد مسئلہ ہے، فرخ حبیب

تمام سٹیک ہولڈرز کو ضمانت دیتے ہیں کہ پی ایم ڈی اے سے آزادی اظہار رائے پر کوئی قدغن نہیں لگے گی، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے اطلاعات ونشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ فیک نیوز بڑا چیلنج ہے، صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے کنٹریکٹ پر عملدرآمد مسئلہ ہے، تمام سٹیک ہولڈرز کو ضمانت دیتے ہیں کہ پی ایم ڈی اے سے آزادی اظہار رائے پر کوئی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

قومی شاہراہوں پر ٹریفک حادثات کی روک تھام کیلئے جامع حکمت عملی وضع کرنے کی اشد ضرورت ہے، گورنر بلوچستان

مستونگ کے قریب تیز رفتار کوچ الٹنے سے جاں بحق اور زخمی ہونے والے مسافروں پر افسوس ہوا، سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے مستونگ کے قریب تیز رفتار کوچ الٹنے سے جاں بحق اور زخمی ہونے والے مسافروں پر افسوس کا اظہار کیا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے رکن صوبائی اسمبلی مہ جبین شیران ملاقات کر رہی ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

مچھ کے قریب تیز رفتاری کے باعث گاڑی الٹ جانے سے ایک شخص جاں بحق دو زخمی

کوئٹہ (این این آئی) مچھ کے قریب تیز رفتاری کے باعث گاڑی الٹ جانے سے ایک شخص جاں بحق دو

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

دالبندین شہر کی قریب ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق

دالبندین (این این آئی) دالبندین شہر کی قریب ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق۔ پولیس کے مطابق

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ نے پنجگور میں نوجوان کے قتل کے واقعہ کے بارے میں متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کرلی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے پنجگور میں نوجوان کے قتل کے واقعہ کے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کراچی ہائی وے اور پنجگور کے مقام پر کوسٹر کی مختلف کارروائیوں میں ساڑھے چار کروڑ روپے کے غیر ملکی سامان برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کراچی ہائی وے اور پنجگور کے مقام پر کوسٹر کی مختلف کارروائیوں میں

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

شریف خاندان نے لندن میں بھی ٹیکس کی چوری کی، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کے معاون خصوصی شہباز گل نے کہا ہے کہ شریف

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

حکومت آج دگنی قیمت پر ایل این جی خرید رہی ہے، شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

سستا اور فوری انصاف ہر شہری کا بنیادی حق اور ریاست کی ذمے داری ہے، چیف جسٹس اطہر من اللہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا ہے کہ سستا اور فوری

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پاک فضائیہ کے شاہین ایم ایم عالم نے ایک منٹ سے بھی کم وقت میں بھارت کے 5 جنگی طیارے مار گرائے، فرخ حبیب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ پوری قوم کو اپنی پاک

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا پنجگور میں نوجوان جلیل سنجرانی کے قتل کے واقعہ پر گہرے دکھ اور اظہار افسوس

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے پنجگور میں نوجوان جلیل سنجرانی کے قتل کے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک ٹوئٹر پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوان کے قتل کے واقعہ سے انہیں دلی رنج ہوا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ واقعہ میں ملوث عناصر قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتے اور

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک گھنٹہ چالیس منٹ کی تاخیر سے سپیکر میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت شروع ہوا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک گھنٹہ چالیس منٹ کی تاخیر سے سپیکر میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس کے آغاز پر سپیکر میر عبدالقدوس بزنجو نے سابق وزیر اعلیٰ سردار عطاء اللہ خان مینگل کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سردار عطاء اللہ خان مینگل اچھے انسان اور

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

صدر سے قومی اقلیتی کمیشن کے وفد کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

حکومت نے اقلیتوں کیلئے سرکاری نوکریوں میں 5 فیصد کوٹہ مختص کیا، اقلیتیں تعلیم اور سرکاری نوکریوں کے حصول کیلئے حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے، صدر مملکت

ریاست اقلیتوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے پرعزم ہے، ملکی ترقی کیلئے ایک جامع اور مساوات پر مبنی معاشرے کی تشکیل ناگزیر ہے، عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے چیلا رام کیولانی کی قیادت میں قومی اقلیتی کمیشن کے وفد نے ملاقات کی جس میں مختلف امور پر گفتگو کی گئی۔ صدر مملکت نے کہا کہ حکومت اقلیتوں کی سماجی و معاشی ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ حکومت اقلیتوں کی عبادت گاہوں کی حفاظت اور دیکھ بھال کیلئے بھرپور کوششیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اقلیتوں کیلئے سرکاری نوکریوں میں 5 فیصد کوٹہ مختص کیا، اقلیتوں کو تعلیم اور سرکاری نوکریوں کے حصول کیلئے حوصلہ

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کی ملاقات، افغانستان کی تازہ صورتحال پر گفتگو

وزیر داخلہ نے افغانستان سے انخلا اور پاکستان آنے والے غیر ملکیوں سے متعلق بریفنگ دی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان سے وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے ملاقات کی جس میں افغانستان کی تازہ صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد میں ہونے والی وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کی اس ملاقات میں افغانستان کی تازہ ترین

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

پاکستان کی سالمیت اور وقار کے دفاع کیلئے مکمل تیار ہے، ایئر چیف

پاک فضائیہ خطے کی بدلتی ہوئی صورت حال سے باخبر ہے، پاک فضائیہ خطے میں پاکستان کی سالمیت اور وقار کے دفاع کیلئے مکمل تیار ہے

دن کا آغاز 1965 اور 1971 کی جنگوں کے شہداء اور ان تمام افراد کیلئے خصوصی دعاؤں اور قرآن خوانی سے کیا گیا، سربراہ پاک فضائیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاک فضائیہ نے ملک بھر میں اپنے تمام ایئر بیسز اور تنصیبات پر 07 ستمبر یوم شہداء کے طور پر منایا، دن کا آغاز 1965 اور 1971 کی جنگوں کے شہداء اور ان تمام افراد کیلئے خصوصی دعاؤں اور قرآن خوانی سے کیا گیا جنہوں نے پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے لے کر اب تک مادر وطن کے لیے اپنی جانیں قربان کیں اس سلسلے کی مرکزی تقریب ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں منعقد کی گئی۔ سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ 07 ستمبر کے یادگار اور تاریخی دن کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایئر چیف نے پاک

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

ترقیاتی دور کے میں بالغ افراد میں ناخواندگی کی شرح زیادہ ہے، لیاقت شاہوانی

دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی 8 ستمبر کو عالمی یوم خواندگی منانے کا مقصد افراد، گروہوں اور معاشرے کے لئے خواندگی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے

ہمارے بچے تعلیم جیسی نعمت سے بہرہ مند ہو کر ایک اچھے معاشرے کی تشکیل میں اپنا موثر اور مثبت کردار ادا کر سکیں، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے عالمی یوم خواندگی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی 8 ستمبر کو عالمی یوم خواندگی منانے کا مقصد افراد، گروہوں اور معاشرے کے لئے خواندگی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے تاکہ ہم اپنی آنے والی نسلوں کو علم کی روشنی سے بہرہ مند کر سکیں انہوں نے کہا کہ خواندگی ہی وہ بنیادی ذریعہ ہے جس کے ذریعہ افراد کمیونٹی میں، کمیونٹی اور معاشرے اقوام میں اور اقوام عالمی برادری میں موثر اور قابل قدر کردار ادا کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ آج بھی ترقی یافتہ دور میں بالغ افراد میں ناخواندگی کی شرح زیادہ ہے جو کہ لمحہ فکریہ ہے اس سلسلے میں ہمیں مل کر ناخواندگی کی شرح میں کمی لانی ہوگی تاکہ ہم اپنی آنے والی نسلوں کو ایک بہتر مستقبل فراہم کر سکیں اس ضمن میں صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں تعلیم کے شعبہ میں بہتری اور جدید تقاضوں کے ہم آہنگ اقدامات اٹھا رہی ہے اور صوبے بھر کے تمام علاقوں میں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

عمران صاحب پھر این آر او کی بات، گھبراہٹ اور خوف، خیر تو ہے، مریم اورنگزیب

عمران صاحب کیا این آر او نہیں مل رہا آپ کو؟ تین سال ختم ہو گئے عمران صاحب آپ کی این آر او کی رٹ ختم نہیں ہوئی، بیان پر ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وزیر اعظم عمران خان کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران صاحب پھر این آر او کی بات، گھبراہٹ اور خوف، خیر تو ہے، عمران صاحب کیا این آر او نہیں مل رہا آپ کو؟ تین سال ختم ہو گئے عمران صاحب آپ کی این آر او، این آر او کی رٹ ختم نہیں ہوئی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ طاقت ور آٹا چینی چور آپ کے سائے تلے محفوظ ہیں، طاقت ور دوائی مافیا آپ کے این آر او کے نتیجے میں محفوظ ہے، بجلی گیس اور رنگ روڈ مافیا آپ کے این آر او تلے خوب جیبیں بھر رہا ہے، مہذب معاشرے میں

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

حکومتی اقدامات عوام کے تعاون کے بغیر موثر ثابت نہیں ہو سکتے، گورنر بلوچستان

حکومتی اقدامات تب تک کامیاب اور موثر ثابت نہیں ہو سکتے جب تک عوام بھرپور تعاون نہ کرے

تمام باشعور افراد ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں، سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ حکومتی اقدامات تب تک کامیاب اور موثر ثابت نہیں ہو سکتے جب تک عوام بھرپور تعاون نہ کرے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ معاشرے کے تمام باشعور افراد ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں جمعیت علمائے اسلام کے رہنما قاری ولی اللہ منصوری کی قیادت میں قلعہ عبداللہ کا وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ حکومتی کوششوں کے ساتھ ساتھ عوام کے سیاسی و سماجی رہنما بھی اپنے اپنے علاقے کی ترقی و خوشحالی اپنے حصے کا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں دکھی انسانیت کی خدمت ہی ذہنی سکون و اطمینان کا باعث ہے۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو قلعہ عبداللہ اور چمن کے عوام کی مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اس ترقی یافتہ دور میں بھی علاقے کے عوام زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، سرحدی تجارت کی بندش اور

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

جو لوگ کہتے ہیں گھبرانا نہیں وہ اب گھبرانا شروع کر دیں، راجہ پرویز اشرف

پیپلز پارٹی کا راستہ کوئی نہیں روک سکتا، جس گھر میں جائیں گے پیپلز پارٹی کا جھنڈا لہرائیں گے، صدر وسطی پنجاب کا استقبالیہ تقریب سے خطاب

جنرل کونسل کا اجلاس انشاللہ موچی دروازے میں کریں گے، مہنگائی اور بے روزگاری کیخلاف باقاعدہ تحریک چلائیں گے، حسن مرتضیٰ، شہزاد سعید چیمہ

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعظم اور پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ جو لوگ کہتے ہیں گھبرانا نہیں وہ اب گھبرانا شروع کر دیں، پیپلز پارٹی کا راستہ کوئی نہیں روک سکتا، پنجاب میں انشاللہ آئندہ حکومت پیپلز پارٹی کی ہوگی اور اب یہی میرا مشن ہے۔ وہ گزشتہ روز لاہور آمد کے موقع پر پیپلز پارٹی وسطی پنجاب سیکرٹریٹ میں کارکنوں سے خطاب کر رہے تھے۔ قبل ازیں راوی ٹول پلازہ، ٹھوکر نیاز بیگ، قذافی سٹیڈیم فیروز پور روڈ پر انکا پارٹی تنظیموں

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

روس بھی دوسرے ممالک کے ساتھ طالبان حکومت کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کرے گا، وزیر خارجہ

ماسکو (این این آئی) روسی وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ طالبان کو افغانستان میں تمام دھڑوں پر مشتمل جامع حکومت بنانی چاہئے، روس معاونت کیلئے تیار ہے، نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سینٹ پیٹرز برگ میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے روس کے وزیر خارجہ

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کوئٹہ ترقیاتی پیکیج پر پیش رفت سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

افغانستان میں طالبان حکومت، بات چیت کے لیے امریکی وزیر خارجہ دوحہ پہنچ گئے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن دوحہ پہنچ گئے جہاں وہ قطری حکام سے افغانستان میں طالبان کے مکمل قبضے کے موضوع پر بات چیت کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس دورے میں بلنکن کے ہم راہ وزیر دفاع لوئڈ آسٹن بھی ہیں۔ افغانستان سے امریکی فوجی انخلاء کے بعد یہ پہلا موقع ہے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

سینیٹر شبلی فراز نے بجلی کے بلوں میں 60 فیصد تک کمی کی نوید سنا دی

وفاقی حکومت نے کم خرچ والے بجلی کے پنکھے، واٹر موٹرز و دیگر آلات تیار کر لی

نئی ٹیکنالوجی سے بنے پنکھے و دیگر آلات میں بجلی کا استعمال 40 سے 60 فیصد کم ہو جائیگا، سینیٹر شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی سینیٹر شبلی فراز نے بجلی کے بلوں میں 60 فیصد تک کمی کی نوید سنا دی، وفاقی حکومت نے کم خرچ والے بجلی کے پنکھے، واٹر موٹرز و دیگر آلات تیار کر لی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ بجلی سے چلنے والے آلات جیسے پنکھے، واٹر موٹرز میں نئی ٹیکنالوجی تیار کی ہے، نئی ٹیکنالوجی سے بنے پنکھے و دیگر آلات میں بجلی کا استعمال 40 سے 60 فیصد کم ہو جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ نئی ٹیکنالوجی سے بنے والی واٹر موٹرز بہتر

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مسافر کوچ کو حادثہ، 2 افراد جاں بحق 16 افراد زخمی

لیویز نے لاشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں

زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کے لئے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا

مستونگ (این این آئی) کوئٹہ کراچی شاہراہ پر مسافر کوچ تیز رفتاری کے باعث الٹ جانے سے دو افراد جاں بحق خواتین اور بچوں سمیت 16 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق منگل کی اعلی الصبح قومی شاہراہ پر کھڈ کوچہ کے علاقے میں ریکی پوز کے مقام پر کراچی سے کوئٹہ جانیوالی الامداد مسافر کوچ تیز رفتاری کے باعث الٹ جانے سے عبدالرسول ولد حاجی قربان، بی بی تانیہ ولد عبدالنافع جاں بحق جبکہ موسیٰ کلیم ولد رحیم خان، عبدالسلام، عائشہ، ننا معلوم، عرفان ولد غلام نبی، اسلام فاروق ولد غلام حیدر، مبارک علی قربان ولد رمضان قوم ہزارہ سکنہ مری آباد، عبدالعلیم ولد خداے نظر قوم ازبک، ذیاب ولد قربان علی قوم ہزارہ، بی بی ثریا ولد قربان علی قوم ہزارہ، حاجی محمد نبی ولد حاجی عبدالروف، سید الیاس، بی بی کریمہ، ولد شیر علی، سید محمد ولد

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

نظریات میں تبدیلی نہیں آئی، شرعی قوانین کی پاسداری کرتے ہیں، ذبیح اللہ مجاہد

افغانستان میں اتنی جلدی حکومت بنانے کیلئے تیار نہیں تھے، اس لیے کچھ دیر ہو رہی ہے، گفتگو

کابل (این این آئی) طالبان ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ ان کے نظریات میں تبدیلی نہیں آئی، شرعی قوانین کی پاسداری کرتے ہیں، توقع نہیں تھی کابل کا کنٹرول اتنی جلدی حاصل ہو جائے گا۔ ان کا کوئی رکن کسی کے گھر میں داخل نہیں ہوا، خواتین کو طالبان سے مشکلات کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ غیر ملکی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے ذبیح اللہ مجاہد نے کہا کہ افغانستان میں اتنی جلدی حکومت بنانے کیلئے تیار نہیں تھے، اس لیے کچھ دیر ہو رہی ہے، نئی حکومت کی تشکیل کے بعد شہریوں کو

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

بی ٹی آئی لودھراں سے بی تھی جنازہ بھی یہاں سے اٹھے گا، بلاول بھٹو

ہم نے عام آدمی ہر پاکستانی کا خیال کرنا ہے عوام سلیکٹرز حکومت سے تنگ آچکے ہیں، پی ٹی آئی لودھراں سے ہی بنی تھی اور اس کا جنازہ بھی لودھراں سے ہی اٹھے گا

غریب دوست پالیسیوں سے ہی پاکستان ترقی کرے گا، اکیلا کچھ نہیں کر سکتا، پاکستان پورے پنجاب کے جیالوں اور عوام کی ضرورت ہے، خطاب

لودھراں (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی لودھراں سے بنی تھی، جنازہ بھی یہاں سے اٹھے گا، سلیکٹڈ حکمران امیر لوگوں کو امیر سے امیر تر بنانے میں لگے ہوئے ہیں، غریب دوست پالیسیوں سے ہی پاکستان ترقی کرے گا، اکیلا کچھ نہیں کر سکتا، پاکستان پورے پنجاب کے جیالوں اور عوام کی ضرورت ہے۔ ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تنظیم کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے موقع دیا، بی بی شہید کے جیالوں سے میری ملاقات کروا دی ہمارا رشتہ عوام سے آج کا نہیں ہے تین نسلوں سے ہمارے رشتے عوام سے جڑے ہوئے ہیں، میں رشتے نبھانے کے لیے آیا ہوں آپ کا قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ بینظیر بھٹو رانی شہید کے ساتھ جو رشتہ ہے اسے ہم نے مزید مضبوط کرنا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

شہر میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی ستھرائی سے عوام کو سہولیات کے ساتھ ساتھ شہر کا روایتی حسن بھی بحال ہوگا، سہیل الرحمن بلوچ

میٹروپولیٹن کارپوریشن کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر کوڑا کرکٹ کو اٹھانے کے لیے مختلف شفٹوں میں کام کرے، کمشنر کوئٹہ ڈویژن

کوئٹہ (این این آئی) کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ کو میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی مجموعی صورتحال اور کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دی گئی جس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن سید ال خان لونی اور کارپوریشن کے آفیسران موجود تھے اس موقع پر ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی، بلدنگ کوڈ، پارکوں کی بحالی، اسٹریٹ لائٹس کی بحالی، گندے پانی کا پلانٹ، عوامی شکایت اور دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

کرنٹ لگنے سے شہریوں کی اموات کے معاملے پر سیپکو پر 2 کروڑ 80 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) جولائی 2019 سے نومبر 2020 کے دوران کرنٹ لگنے سے شہریوں کی اموات کے معاملے پر سیپکو پر 2 کروڑ 80 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ نیشنل الیکٹرک اینڈ پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کوسٹل ہائی وے پولیس کی بھرتی کا انٹرویو سینٹر گوادر میں رکھنا لسبیلہ کے سینکڑوں امیدواروں کے ساتھ زیادتی ہے

غریب امیدوار بیروزگاری کی وجہ سے پہلے ہی تنگ دستی کا شکار ہیں گوادر میں سینٹر رکھنے کی بجائے لسبیلہ میں ہی سینٹر رکھا جائے

بیلہ (آن لائن) کوسٹل ہائی وے پولیس کی بھرتی کا انٹرویو سینٹر گوادر میں رکھنا لسبیلہ کے سینکڑوں امیدواروں کے ساتھ زیادتی ہے غریب امیدوار بیروزگاری کی وجہ سے پہلے ہی تنگ دستی کا شکار ہیں گوادر میں سینٹر رکھنے کی بجائے لسبیلہ میں ہی سینٹر رکھا جائے۔ تفصیل کے مطابق کوسٹل ہائی وے پولیس میں حالیہ بھرتی کیلئے دوڑ اور فزیکل ٹیسٹ ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں کئے گئے لیکن اب آخری مرحلہ انٹرویو ٹیسٹ کا ہے جس کیلئے لسبیلہ کے سینکڑوں درخواست دہندگان کو

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

غیر قانونی ایل پی جی کی فلنگ اور ترسیل روکنے کے لئے اقدامات کریں، اوگرا کی چیف سیکرٹریز کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے چیف سیکرٹریز کو ہدایت کی ہے کہ غیر قانونی ایل پی جی کی فلنگ اور ترسیل روکنے کے لئے اقدامات کریں۔ ترجمان اوگرا کے مطابق عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے ایل پی جی کے کاروبار سے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ کو اس لیے وجود بخشا ہے کہ طاغوت کے مقابلہ میں ہم اللہ کی بندگی کا اعلان کریں، مولانا عبدالحق ہاشمی

سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے جماعت اسلامی کو قائم کر کے اس امت کو بھولا ہوا سبق یاد دلایا، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ کو اس لیے وجود بخشا ہے کہ طاغوت کے مقابلہ میں ہم اللہ کی بندگی کا اعلان کریں اور اس کے نظام کے لیے جدوجہد کریں۔ سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے جماعت اسلامی کو قائم کر کے اس امت کو بھولا ہوا سبق یاد دلایا ہے۔ جماعت اسلامی اللہ کے غلبے کی تحریک ہے بدعنوانی، بے دینی ختم کرنے اور اسلامی نظام کے قیام کیلئے جماعت اسلامی کی جدوجہد جاری رہے گی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: مشیر برائے تخفیف غربت یوم دفاع کے حوالے سے منعقدہ تصاویری نمائش دیکھ رہی ہیں

ہم کسی کو بھی شورش پسندی کی اجازت نہیں دیں گے، طالبان

جنگ ختم ہو چکی ہے، ملک بحران سے نکل رہا ہے، اب امن اور تعمیر نو کا وقت آ گیا ہے

بغاوت برداشت نہیں، سابق افغان فورسز ہمارے ساتھ ضم ہو جائیں، ذبیح اللہ مجاہد

کابل (این این آئی) طالبان نے افغان فورسز کے سابق ارکان کو پیشکش کی ہے کہ وہ ان کے ساتھ ضم ہو جائیں۔ انھوں نے خبردار کیا ہے کہ کسی بھی جگہ شورش برداشت نہیں کی جائے گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا کہ گذشتہ 20 سال میں تربیت یافتہ افغان فورسز سے کہا جائے گا کہ وہ طالبان کے ساتھ سکیورٹی اداروں میں دوبارہ شامل ہو جائیں۔ انھوں نے کہا کہ ان کی حکومت کے خلاف کسی بھی شورش یا بغاوت سے سختی سے نمٹا جائے گا۔ انھوں نے وادی پنج شیر پر طالبان جنگجوؤں کے قبضے کی تصدیق کی۔ اس طرح انھوں نے اپنے خلاف

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

سندھ سے پانچویں نمبر جج اور پنجاب سے چوتھے نمبر پر جج سپریم کورٹ میں تعینات کرنے کا فیصلہ الجہاد ٹرسٹ کے فیصلے کیخلاف ہے، بلوچستان بار کونسل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بار کونسل کے جاری ایک بیان میں پاکستان بار کونسل اور ملک گیر وکلاء تنظیموں کے فیصلے کے مطابق 9 ستمبر بروز جمعرات کو بلوچستان بھر میں عدالتی کارروائی کے بائیکاٹ کا اعلان کیا ہے بیان میں کہا کہ بلوچستان بار کونسل اور ملک گیر وکلاء تنظیموں کے فیصلے کے مطابق سپریم کورٹ میں حالیہ تقرریوں کے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

پشاور: وزیر سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی اور خوراک عاطف خان سے پولیٹیکل کونسلر برٹش ہائی کمیشن لوتھا مس ملاقات کر رہی ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین سند دار جدید پیج پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ہاؤس سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔۔۔
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔۔۔
addshalquetta@gmail.com
shalquetta@gmail.com

08 ستمبر 2021ء

علاقائی تعاون وقت کی اہم ضرورت

بلوچستان میں تحریک طالبان پاکستان کی تازہ کارروائی اور افغانستان میں قیام امن کیلئے خطے کے چھ ملکوں کی ورچوئل کانفرنس اس صورتحال کا اچھی طرح احاطہ کرتی ہے جو افغانستان سے امریکی اور نیٹو فورسیز کی حتمی تیاری کے بغیر جلد بازی میں انخلاء کے نتیجے میں پیدا ہوئی اور جس جمعہ روز اول سے تشویش کا اظہار کرتا رہا ہے۔ امریکہ، بعض دیگر مغربی ممالک اور اسرائیل اور بھارت نے جس طرح جنگ شیئر میں بے مقصد مزاحمت کی سرپرستی کی اس سے واضح ہوگیا کہ امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے جلد بازی میں انخلاء، اضطراری عمل کے طور پر نہیں بلکہ جنگ کی صورت کو تبدیل کرنے اور خطے میں عدم استحکام برقرار رکھنے کے منظم منصوبے کے تحت اختیار کیا۔ علاوہ ازیں داعش طرز کی تکفیری طالبان گروپ کی تشکیل و فنانسنگ اور مشرق وسطیٰ کے دیگر ملکوں پر مشتمل ہوا۔ اور جو اہم ان کا مقابلہ کرے۔ اسرائیلی وزیراعظم کی تجویز بھی نوآبادیاتی قوتوں کی طرف سے نئی حکمت عملی تلاش کرنے کے سلسلے کا ایک حصہ ہے تاہم یہ بات خوش آئند ہے کہ مشرق کی قوتیں خاص طور سے ایشیائی ممالک وقت رہتے حالات کی سنگینی کا ادراک کرتے ہوئے اس کے تدارک کی تگ و دو میں مصروف ہیں۔ چین، پاکستان، ایران، تاجکستان، ترکمانستان اور ازبکستان کے نمائندوں کا اجلاس علاقائی معاملات کو علاقے کے ملکوں کے مشترکہ کاوشوں سے حل کرنے اور ایشیائی ممالک کی دوسرے بڑے معیشت بننے کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے فیصلے پر عمل درآمد کے بجائے رکاوٹ بن کر خود ان علاقائی تعاون کی راہ میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ چھ ممالک کے اجلاس میں شرکا کا اس بات پر اتفاق ظاہر کیا گیا ہے۔ کہ پرامن افغانستان خطے کے لئے ضروری ہے۔ چین قیادت نے روز اول سے یہ موقف اختیار کر رکھا ہے کہ ایشیاء کے تنازعات ایشیاء کے ممالک خود حل کرسکتے ہیں۔ وقت آگیا ہے کہ ایشیائی ممالک آپس کے اتحاد و تعاون کو مستحکم بنائیں اور خطے کو سات سمندر پار کی ریاستوں کی مداخلت کے ہمیشہ کیلئے آزاد کرائیں۔

8 ستمبر۔۔۔یوم نفاذ اردو

8 ستمبر 2015 کو سپریم کورٹ نے ملک میں دستور کی شق 251 کو فوری طور پر نافذ کرنے کا تاریخ ساز فیصلہ دیا تھا۔ مگر ہم اب تک فرنگیوں کی زبان سے چپکا ہوا ہے اور چپ سال گزرنے کے باوجود حکمران اور بڑے ادارے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد کے بجائے رکاوٹ بن کر قومی بدعادت کا ثبوت دے رہے ہیں۔

اس لاقانونیت، من مرضی، دستور شکنی اور توہین عدالت کی ہم پر زور مذمت کرتے ہیں اور قائد اعظم کے فرامین، دستور پاکستان کی مفاد عدالت عظمیٰ کے فیصلے اور پاکستانی عوام کی خواہشات کے قومی زبان اردو کو بطور دفتری، عدالتی، عسکری، تدریسی زبان نافذ کرنے کے لئے ملک گیر تحریک چلانے اور حکمرانوں کو متوجہ کرتے ہیں کہ ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے ضروری ہے کہ سوشل میڈیا پر موجود ہم

امید ہے قومی زبان سے محبت کرنے والا ہر فرد اپنا فریضہ ادا کرے گا۔ ہم اردو کے تمام متوازف دوستوں سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ اردو کے خلاف ہونے والی سازشوں کو ناکام بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔

8 ستمبر۔۔۔یوم نفاذ اردو

8 ستمبر 2015 کو سپریم کورٹ نے ملک میں دستور کی شق 251 کو فوری طور پر نافذ کرنے کا تاریخ ساز فیصلہ دیا تھا۔ مگر ہم اب تک فرنگیوں کی زبان سے چپکا ہوا ہے اور چپ سال گزرنے کے باوجود حکمران اور بڑے ادارے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد کے بجائے رکاوٹ بن کر قومی بدعادت کا ثبوت دے رہے ہیں۔

اس لاقانونیت، من مرضی، دستور شکنی اور توہین عدالت کی ہم پر زور مذمت کرتے ہیں اور قائد اعظم کے فرامین، دستور پاکستان کی مفاد عدالت عظمیٰ کے فیصلے اور پاکستانی عوام کی خواہشات کے قومی زبان اردو کو بطور دفتری، عدالتی، عسکری، تدریسی زبان نافذ کرنے کے لئے ملک گیر تحریک چلانے اور حکمرانوں کو متوجہ کرتے ہیں کہ ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے ضروری ہے کہ سوشل میڈیا پر موجود ہم

امید ہے قومی زبان سے محبت کرنے والا ہر فرد اپنا فریضہ ادا کرے گا۔ ہم اردو کے تمام متوازف دوستوں سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ اردو کے خلاف ہونے والی سازشوں کو ناکام بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔

8 ستمبر کو انٹرنیشنل لٹریسی ڈے منایا جاتا ہے جس کا مقصد دنیا کو یہ یاد دلانا ہے کہ تعلیم کے بغیر ترقی ممکن نہیں اور تعلیم کی ترقی کے لئے مادری زبان میں تعلیم دینے کا کوئی تصور نہیں۔ اگر کوئی وزیر اپنے بچوں کو انگریزی زبان میں تعلیم دلوائے تو اس ملک کے باشعور عوام اس وزیر تعلیم کو پاگل خانے بھیج دیں گے یا پاگل کہلائے جانے کے خوف سے وہ خود ہی استعفیٰ دیدے گا۔ انگریزی کے تسلط کا جواز پیدا کرنے کے لئے انگریز نے کہا تھا کہ ہم مٹھی بھر انگریز ہندوستان پر حکومت کرنے کے لئے انگریزی زبان کو ذریعہ تعلیم بنا رہے ہیں تاکہ ہمارے لئے کلرک پیدا کئے جاسکیں۔ آج ہمارے حکمران بھی یہی کر رہے ہیں۔ ہم انگریز کے ذہنی غلام بن کر اپنی نسلوں کو انگریز کا ذہنی غلام بنانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ ہم اپنے بچوں کو انگریز کا ذہنی غلام بنانے کی پالیسی کو مسترد کرتے ہیں۔

8 ستمبر کو عالمی یوم نفاذ اردو کے حوالے سے ہمیں اس کے مقاصد کو سمجھنا ہوگا 8 ستمبر کی مناسبت سے ہر پاکستانی کو قومی زبان کے نفاذ کی جدوجہد کو تیز تر کرنا ہوگا

میڈیا پر نفاذ اردو کے مطالبے کو اجاگر کرنا ہوگا اس

6 ستمبر کے شہیدوں وطن کی فضائیں تمہیں سلام کہتی ہیں (آخری قسط)

چیئر مین وہیں دوسری طرف پی پی پی اور مغربی ذرائع ابلاغ کے ادارے گمراہ کن خبریں شائع کرنے میں مصروف ہے تاکہ پاک افواج اور قوم کے حوصلے پست کرسکے

نسیم الحق زاہدی

اپنے مذموم عزائم حاصل کرسکیں۔ جنگ ستمبر میں امریکہ نے معاہدوں کے باوجود پاکستان کی حمایت سے انکار کیا لیکن تاریخ شاہد ہے کہ مسلمان کبھی میدان چھوڑ کر نہیں بھاگا لہٰذا جذبہ ایمانی سے سرشار اور ولی نعموں سے سرخرو ہوئیں اور عوام نے دو کام بڑے نمایاں انجام دیئے کہ بھارت آج بھی انہیں یاد کر کے خوف سے کانپ اٹھتا ہے۔ 6 ستمبر کا دن ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے کہ پاک سرزمین کے ایک ایک انچ کی حفاظت کیلئے کس طرح جانوں کے نذرانے پیش کئے گئے۔ پاکستان دنیا کی ساتویں ایٹمی قوت اور اسلام کا قلعہ ہونے کی وجہ سے عالم اسلام کے لئے تحفظ اور استحکام کا ذریعہ ہے۔ دنیا کے عسکری ماہرین حیران اور پریشان ہیں کہ پاک افواج ایسے حالات میں جہاں عالمی طاقتیں ناکام ہیں وہاں فتوحات کیسے حاصل کر رہی ہیں۔ قوموں کی زندگی میں کچھ دن انتہائی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں جن کے باعث ان کا تشخص ایک فیور اور جرات منداقوام کا ہوتا ہے۔

جنگ کے دوران تو جوانوں کی نظریں دشمن کی طرف ہوتی ہیں اور ان کا ہدف دشمن کی سرحد کو چیرتے ہوئے دشمن پر کاری ضرب لگانا ہوتا ہے اور ان کا ہدف دشمن کی سرحد کو چیرتے ہوئے دشمن پر کاری ضرب لگانا ہوتا ہے اور افواج کی نظریں دشمن کی طرف ہوتی ہیں

شال بقیہ 1

میں کورونا وائرس سے اب تک 26 ہزار 330 مریض انتقال کر چکے ہیں، اس موذی وائرس کے کل مریضوں کی تعداد 11 لاکھ 86 ہزار 234 ہو گئی ہے۔ ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، ووٹنگ لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 92 ہزار 315 مریض زیر علاج ہیں، جن میں سے 5 ہزار 478 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے جبکہ 10 لاکھ 67 ہزار 589 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 52 ہزار 314 ٹیسٹ کیے گئے، اب تک کل 1 کروڑ 81 لاکھ 62 ہزار 771 کورونا ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں۔ پاکستان بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 11 لاکھ 68 ہزار 432 افراد کو کورونا وائرس کی ویکسین دی گئی، اب تک کل 6 کروڑ 17 لاکھ 24 ہزار 580 کورونا ویکسین کی خوراکیں دی جا چکی ہیں، اب تک 1 کروڑ 94 لاکھ 27 ہزار 419 افراد کی مکمل ویکسینیشن ہو چکی ہے۔ سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دیگر صوبوں سے زیادہ 4 لاکھ 39 ہزار 119 ہو چکی ہے، اس سے کل اموات 6 ہزار 995 ہو گئیں۔ پنجاب میں کورونا وائرس کے اب تک 4 لاکھ 5 ہزار 5 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ یہاں کل ہلاکتیں دیگر صوبوں سے زیادہ ہیں جو 12 ہزار 96 ہو چکی ہیں۔ خیبر پختونخوا میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 1 لاکھ 65 ہزار 512 ہو چکی ہے، اس سے یہاں کل اموات 5 ہزار 130 ہو گئیں۔ وفاقی ...

شال بقیہ 3

قمر جاوید باجوہ نے فیک نیوز اور غلط معلومات کو ملکی سلامتی کیلئے خطرہ قرار دیا ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ جنرل قمر باجوہ کا تجزیہ صائب اور حقیقت پر مبنی ہے، اسی لیے پی ایم ڈی اے لا رہے ہیں تاکہ ان خطرات سے نمٹا جا سکے۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ آزادی صحافت کو سب سے بڑا خطرہ زرد صحافت سے ہے۔

شال بقیہ 4

فضائیہ کے ان تمام ہیروز کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے ہمیشہ بے مثال بہادری کے ساتھ قوم کی آواز پر ...

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Communication Department District Sibi intends to carry out the following Provincial Public Sector Development works and invites sealed tenders based on composite schedule of rates 2018 GoB from the PEC Registered Government Contractors having category C-4 and above. Earnest Money 2%, Tender fee Rs.4000/- and Time Limit 2 Months for the work.

S. Nos.	Name of work	E/cost.
1	Rehaiblitation of road from n-65 to khairwah district sibi.PSDP No.814/Z2021.0469 (TSE No.187201E	148.514 M

The Procurement shall be carried out in accordance with the BPPRA rules 2014 and Amended 2019. The BOQ and tender documents may also be downloaded from the BPPRA website from their respective TSE No. Mentioned above. ***ELIGIBILITY OF CONTRACTORS:*** Valid registration certificate of PEC in the relevant category .Valid registration certificates from Income Tax Authority (NTN) and Baluchistan Revenue Authority (BRA).The firm/ Contractor either blacklisted nor involved in any Litigation / Arbitration (Attach all certificates and the affidavit (on non-judicial stamp paper) of not blacklisting) not involved in any litigation / arbitration). ***METHOD OF PROCUREMENT:*** Single Stage One envelop procedure will be adopted for this procurement. ***PURCHASING OF SET OF ENGINEER'S ESTIMATE & DRAWINGS:*** The contractors may purchase the set of drawings and copy of estimates at the cost of Rs. mentioned above, per set of the contract for appraisal and scope of work. ***BIDDING / TENDER DOCUMENTS ISSUANCE:*** The bidder(s) can obtain the bidding documents from the address mentioned below in office working hours on production of green challan form for an amount of Rs, Mentioned above (NON REFUNDABLE) deposited in the head of account C02716 thorough Government Treasury/National Bank of Pakistan OR can be downloaded from website of BPPRA (www.bppra.gob.pk),under TSE Nos. given against each package above from the date of publication of this invitation in newspapers till to the last date of submission i.e ***29/09/2021*** until 10.00 am. ***BIDDING / TENDER DOCUMENTS OPEING:*** The tenders will be opened on ***29/09/2021*** at 11.00 A.M. before the procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives who may wish to be present. ***SUBMISSION OF EARNEST MONEY:*** Earnest money 2% of estimated cost in shape of call deposit to be produced from any scheduled bank as mentioned against the contract will be enclosed with the bidding documents. ***TERMS & CONDITIONS:*** Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action. ***PLACE OF OPENING TENDERS:*** The place of issuance and opening of tenders and inquiries about the tender viz. site of work and scope of work shall be at the following address. The office of the Executive Engineer, Roads Provincial B&R located at Mecongy Road Sibi. Tel #0833-9230081. Email: Engr.civilian@gmail.com

PRQ NO.657/06.09.2021

Executive Engineer Communication Department District Sibi

LETTER OF INVITATION (LOI)

CONSULTANCY SERVICE REQUIRED FOR, DESIGN OF TURBAT LAW COLLEGE PHASE-II DISTRICT KECH TS187187E

Executive Engineer-Building hereinafter called "Procuring Agency" intends to hire the consultancy services for Design of Turbat Law College Phase-II. TORs/RFP shall be available in the office of undersigned and also on the website of BPPRA. Interested consultancy firms with experience of similar nature of assignments may apply for selection containing the following information/particulars duly supported with necessary documents. Sealed Technical and financial Bids are invited from reputable national and international firms. Competitive bidding shall be held under the 'Least Cost Method' to the cost of Rs.1.961 million as per BPPRA Rules. ***Terms & Conditions:*** All Interested Firms are required to be registered with Pakistan Engineering Council in category 1201. Firms are required to submit their Technical and Financial Bids by 12:00 Pm on 17-09-2020 in the office of the Executive Engineer-Building PP&H Department District Kech at Turbat include 2% of Bid Security in the shape of Pay Order / Demand Draft or Deposit at Call from Commercial bank. Bid received after the Due date / Time will not be accepted while RFP shall NOT be issued after ***17-09-2021.*** Detailed RFP can be obtained from the office of undersigned on any Working Day During Office Hours on Payment of RFP Document Fee of PKR 2,000/-.BID Validity should be 60 days. The Procurement Agency reserves the rights to annul the Bidding Process as per BPPRA Rules, 2014. The Bidders, who download the Documents from Website, should submit the Tender Fee of Rs. 2,000/- In shape of PO/DD at the time of Submission of Document. The method of procurement will be single stage single envelope. Technical proposal shall be clearly marked on envelope. Firms shall be required to establish that they meet the Requirements of the Tender in their Technical Bid. Firms are also required to submit their Legal Particulars, such as Registration, National Tax no. (NTN) and sales Tax Registration No. As well as provide an Undertaking they have NEVER been blacklisted by a Public Sector Entity. The ranking shall be based on evaluation of both technical proposals of the qualified bidders and price on financial bid.

PRQ NO.692/07.09.2021

Executive Engineer-Building PP&H Department District Kech Turbat

بیروزگاری کے خاتمے کیلئے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں، عمران خان جمالی

خالی آسامیوں پر بھرتی سے بیروزگار نوجوانوں کا باعزت روزگار ملا ہے

حکومت بیروزگاری کے خاتمے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہی ہے، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و بین الصوبائی امور

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و بین الصوبائی امور میر عمر خان جمالی نے صوبائی وزیر بلدیات نوابزادہ گہرام خان بگٹی سے ملاقات کی ملاقات میں اہم سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر میر عمر خان جمالی نے میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار میں خالی آسامیوں پر علاقے کے نوجوانوں کی بھرتی کا خوش آئند اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ خالی آسامیوں پر بھرتی سے بیروزگار نوجوانوں کو باعزت روزگار ملا ہے حکومت بیروزگاری کے خاتمے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہی ہے محکمہ ٹرانسپورٹ میں سیکڑوں خالی آسامیوں پر بھی جلد ہی بھرتیاں کر کے بیروزگار نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا جائیگا میر عمر خان جمالی نے مشیر بلدیات نوابزادہ گہرام خان بگٹی کو میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

صوبائی سیکریٹریز و دیگر اعلیٰ حکام اسمبلی اجلاس کی کارروائی دیکھ رہے ہیں

حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری نبی ہونے اور اس کا امتی ہونے پر ہمیں فخر ہے، نعیم اللہ لغاری

7 ستمبر 1974ء کو پاکستانی پارلیمنٹ میں متفقہ طور پر قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا، زاہد شاہ ہاشمی

ان شاء اللہ ختم نبوت کے قانون میں ترمیم کرنے کے لیے کسی کو اجازت نہیں دیں گے، محکم الدین بروہی

گنداخہ: (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق جمعیت طلباء اسلام صوبہ سندھ کے صدر نعیم اللہ لغاری جنرل سیکریٹری سید زاہد شاہ ہاشمی ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات محکم الدین بروہی نے سات ستمبر یوم دفاع ایمان کے موقع پر پریس بیان جاری کرتے کہا کہ 7 ستمبر کا دن امت مسلمہ کیلئے فتح کا دن ہے اس دن حضور پاک اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلاموں نے آقا کے دشمنوں کو شکست دے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت و ناموس کا دفاع کر کے عظیم فتح کا جھنڈا لہرایا تھا بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

قادیانیت کا فتنہ اب بھی موجود ہے، مولانا انوار الحق حقانی سمیت دیگر

حکومت کلیدی عہدوں سے قادیانیوں کو ہٹادے 1967ء میں قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ قادیانیت کا فتنہ اب بھی موجود ہے جس کے خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی حکومت کلیدی عہدوں سے قادیانیوں کو ہٹا دے 1967ء میں قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا جو علماء کرام کی 80 سالہ جدوجہد کا نتیجہ ہے ہم تعلیمی حساب سے ختم نبوت کے مضامین نکالنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار عالمی مجلس تحفظ کے مرکزی رہنما مولانا انوار الحق حقانی، جے یو آئی کے صوبائی سر بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

بعض مفاد پرستوں نے پارٹی کو فرینڈشپ کلب میں تبدیل کردیا ہے، انصاف سٹوڈنٹس فیڈریشن

کنٹونمنٹ بورڈ کے انتخابات میں امیدواروں کا انتخاب بند کمرے میں کیا گیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) انصاف سٹوڈنٹس فیڈریشن کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ بعض مفاد پرستوں نے پارٹی کو فرینڈشپ کلب میں تبدیل کردیا ہے، کنٹونمنٹ بورڈ کے انتخابات میں امیدواروں کا انتخاب بند کمرے میں کیا گیا ہے، اچانک ابھر کر سامنے آنے والوں کو ٹکٹ دیکر پارٹی پر مسلط کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انصاف سٹوڈنٹس فیڈریشن کے سابق صوبائی صدر عمیر جان مینگل نے آئی ایس ایف بلوچستان کے سابق رہنماؤں کے ہمراہ کوئٹہ پریس بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن کا مطلب حقیقی معنوں میں عوام کی خدمت کا راستہ ہے، ڈاکٹر منیر بلوچ

سیاست حتی اہمیت جلسے، جلوس اور کارنر میٹنگز کو حاصل ہے، صدر پی ٹی آئی

کوئٹہ (این این آئی) پی ٹی آئی کے صدر ڈاکٹر منیر بلوچ نے کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن کے سلسلے سلیم پینٹر کی پی ٹی آئی میں شمولیت کرنے کے بعد کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں پی ٹی آئی کے امیدواران کی حمایتی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن کا مطلب حقیقی معنوں میں عوام کی خدمت کا راستہ ہے کیونکہ کنٹونمنٹ بورڈ کے امیدواران ہی ڈائریکٹ تعلق عوام سے ہوتا ہے اور عوام کی رسائی سب سے زیادہ ان تک ہوتا ہے اور بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

بدعنوانی وہ ناسور ہے، جو معاشرے کی ترقی کو دیمک کی طرح چاٹ جاتی ہے، احمد فاروق بازئی

جن معاشروں میں بدعنوانی عروج پر ہوتی ہے وہاں عام آدمی کا معیار زندگی بد سے بدترین کی طرف جانے لگتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بدعنوانی وہ ناسور ہے جو معاشرے کی ترقی کو دیمک کی طرح چاٹ جاتی ہے، معاشرے میں کتنے ہی باصلاحیت افراد کیوں نہ ہوں اگر کردار سازی اور ایماندارانہ طرز عمل کو سرکاری و غیر سرکاری افسران و اہلکاران نے پس پشت رکھا تو معاشرے کی ترقی پر سوالیہ نشان قائم رہتا ہے جامعات تدریسی علوم اور کتبی جہتیں کی طلباء کو تعلیق کے ساتھ ساتھ کردار سازی اور بدعنوانی کے خلاف رویوں کی تعمیر و تشکیل کے لئے بھی جواب دہ ہیں افسران کی بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

دوسروں کے عزت نفس کا خاص خیال رکھا جائے، میر اعجاز خان سنجرانی

اور سوشل میڈیا میں غیر ضروری اور لاحاصل بحث مباحثوں سے دور رہے

نوکنڈی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے ڈویژنل آرگنائزر میر اعجاز خان سنجرانی نے بلوچستان عوامی پارٹی اور خان سنجرانی پینل کے ورکرز، سپورٹرز اور حمایتیوں کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ دوسروں کے عزت نفس کا خاص خیال رکھا جائے اور سوشل میڈیا میں غیر ضروری اور لاحاصل بحث مباحثوں سے دور رہے اور ہمیشہ اخلاق کے دائرے میں رہ کر دلائل کے ساتھ رائے دیں، گالم گلوچ، غیر شائستہ و غیر مہذب الفاظ سے اجتناب کریں۔ کسی بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام کے بلدیاتی انتخابات میں نوجوان قیادت ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

12 ستمبر کو کنٹونمنٹ بورڈ کے انتخابات میں جمعیت کے امیدوار کامیابی حاصل کریں گے

ہم نے وارڈ نمبر 1 سے مولانا محمد اکرم کو امیدوار عبدالرزاق کے حق میں دستبردار کرا دیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے ضلعی صدر مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا ہے کہ 12 ستمبر کو کنٹونمنٹ بورڈ کے انتخابات میں جمعیت کے امیدوار کامیابی حاصل کریں گے ہم نے وارڈ نمبر 1 سے مولانا محمد اکرم کو امیدوار عبدالرزاق کے حق میں دستبردار کرا دیا ہے وارڈ نمبر 02 سے ہمارے امیدوار عقیل احمد، وارڈ نمبر 03 سے شیخ رفیق، وارڈ نمبر 04 سے پرویز اور وارڈ نمبر 05 سے افرسیاب ہیں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر جمعیت علماء اسلام کے رہنما سابق صوبائی وزیر حاجی خان ناصر، مولانا خورشید احمد، عبدالحق شہزاد و سمیت دیگر بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے بلدیاتی انتخابات میں نوجوان قیادت ہیں جو عوام خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں، ہماری کوششوں کو دیکھ کر بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ترقیاتی پیکیج شہری ترقی کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا، چیف سیکرٹری بلوچستان

سریاب میں انٹرنل سڑکوں کی تعمیر کا کام 89 فیصد مکمل جبکہ کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کے منصوبے پر 77 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے

سبزل روڈ توسیعی منصوبے کے فیز ٹو پر کام جاری ہے، اجلاس میں منصوبے کے پراجیکٹ ڈائریکٹر داؤد خان خلجی کی تفصیلی بریفنگ دی

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کی زیر صدارت کوئٹہ ترقیاتی پیکیج پر ہونے والی پیش رفت سے متعلق اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری اسفند یار خان، سیکرٹری خزانہ عبدالرحمن بزدار، سیکرٹری مواصلات زاہد سلیم، کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ رضوان میمن، پروجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج داؤد خان خلجی، چیف انجینئر محکمہ مواصلات ڈاکٹر سجاد احمد اور چیف آف سیکشن کوئٹہ ترقیاتی پیکیج محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات شکیل بزدار نے شرکت کی۔ اجلاس میں پیکیج میں شامل ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں منصوبے کے پراجیکٹ ڈائریکٹر داؤد خان خلجی نے کوئٹہ ترقیاتی پیکیج میں شامل منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے رکن صوبائی اسمبلی اور پارلیمانی سیکرٹری کیو ڈی اے مبین خان خلجی ملاقات کر رہے ہیں

ختم نبوت پہ کوئی بات آئی تو بعد میں بھی ہم کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) پیر کوہ میں دارالعلوم عثمانیہ میں 7 ستمبر یوم تحفظ ختم نبوت کے حوالے سے جمعیت علماء اسلام کی جانب سے یوم تحفظ ختم نبوت کے نام سے ایک پروگرام منعقد کیا گیا جس میں علماء کرام اور شہریوں بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات پہنچانا صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر لورالائی

ڈاکٹرز اپنی ڈیوٹی پر حاضری کو یقینی بنائیں تاکہ غریب مریضوں کا علاج وقت پر کیا جا سکے

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی ڈاکٹر عتیق الرحمن بلوچ ٹیچنگ اسپتال کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے ڈاکٹروں اور عملے کی حاضریاں چیک کرنے کے ساتھ شعبہ حادثات امراض قلب وارڈ و چلڈرن وارڈ، لیبارٹری کے ساتھ دیگر وارڈوں میں جا کر مریضوں کا حال احوال کیا اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ لورالائی اسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سمیت دیگر ڈاکٹرز بھی موجود تھے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لورالائی نے کہا کہ صحت ایک بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر کے موقع پر تعلیم فاؤنڈیشن سکول میں تقریب کا انعقاد کیا گیا

مستونگ (خ ن) یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر کے موقع پر تعلیم فاؤنڈیشن سکول میں تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب سے کمانڈنٹ 78 ونگ لیفٹیننٹ کرنل ندیم عباس اسسٹنٹ کمشنر مستونگ عطاء المنعم بلوچ پرنسپل ٹی ایف سکول و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کی جنگ پاکستانی قوم کیلئے ایک وقار اور لازوال استقلال کا استعارہ ہے۔ 1965 کی جنگ میں پاک فوج نے ملک کی سرحدوں کا دفاع بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات سے بلوچستان ایک با اصول سیاست دان سے محروم ہو گیا، داؤد ساسولی

سردار عطاء اللہ مینگل کی قائدانہ صلاحیتوں اور علم و فراست اور سیاسی تدبر کا ایک زمانہ معترف تھا

قلات (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع قلات کے کارکن داؤد ساسولی نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کے انتقال سے بلوچستان ایک عظیم لیڈر سے محروم ہو گیا انہوں نے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کی قائدانہ صلاحیتوں اور علم و فراست اور سیاسی تدبر کا ایک زمانہ معترف تھا مطالعے کی وسعت کی بنا پر ان کا شمار اہل علم میں ہوتا تھا 1970 کے انتخابات میں انہوں نے کامیابی حاصل کی اور بلوچستان کی پہلے وزیر اعلیٰ منتخب ہوئے سردار عطاء اللہ بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

میونسپل کمیٹی قلات کے ملازمین روڈوں پر کام کرتے نظر آرہے ہیں، مبارک خان محمد حسنی

قلات (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نظریاتی قلات کے امیر مبارک خان محمد حسنی جنرل سیکرٹری قاری رحمت اللہ نقشبندی مولانا عبدالرشید مینگل شیر جان روحی مولانا عبدالسلام جنگ قاری محمد ہاشم لانگو و دیگر نے کہا ہے کہ میونسپل کمیٹی قلات کے ملازمین روڈوں پر کام کرتے نظر آرہے ہیں مگر اشرافیہ اور آفیسران ایم سی بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

سیکرٹری ٹرانسپورٹ عبدالفتح بھنگر اور ڈی آئی جی موٹروے پولیس جاوید علی مہر ٹریکنگ سسٹم کے یونٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

6 ستمبر ملک کی تاریخ میں اہم حیثیت رکھتا ہے، سردار عبدالستار خان شر

پاک فوج اور دیگر ریاستی اداروں کے ملک اور قوم کے لیے بے مثال قربانیاں ہیں

چھتر (نامہ نگار) سردار عبدالستار خان شر نے کہا ہے کہ قوم 6 ستمبر کو پاکستان سے پیار کے عنوان سے بڑے جوش و خروش کے ساتھ مناتیں کیونکہ 6 ستمبر ملک کی تاریخ میں اہم حیثیت رکھتا ہے یوم دفاع منانے کا مقصد وطن عزیز کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والے پاک افواج اور سیکورٹی فورسز کے شہید جوانوں کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنا ہے سردار عبدالستار خان شر نے کہا کہ پاک فوج اور دیگر ریاستی اداروں کے ملک اور قوم کے لیے بے بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

سابق صوبائی وفاقی وزیر مولانا امیر زمان کی وفات پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما اور سابق صوبائی وفاقی وزیر مولانا امیر زمان کی وفات پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں گورنر سید بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

بلوچستان سے نفرتوں اور قبائلی دشمنیوں کا خاتمہ کئے بغیر صوبہ ترقی نہیں کر سکتا، لالا یوسف خلجی

بلوچستان امن جرگہ قبائلی دشمنیوں کے خاتمے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، سربراہ بلوچستان امن جرگے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان سے نفرتوں اور قبائلی دشمنیوں کا خاتمہ کئے بغیر صوبہ ترقی نہیں کر سکتا بلوچستان امن جرگہ قبائلی دشمنیوں کے خاتمے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، بلوچستان امن جرگے کے زیر اہتمام 10 ستمبر بروز جمعہ سہ پہر تین بجے سراوان آغا مدرسہ سے امن ریلی نکالی جائیگی۔ یہ بات انہوں نے منگل کو بلوچستان امن جرگے کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے مختلف وفود بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

کوڑو واٹر سپلائی اسکیم کے لیے نئے 04 نئے شمسی پلیٹ، مہیا کر دیے گئے

گنداواہ (نامہ نگار) گنداواہ: صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ میر طارق خان مگسی اور نوجوان لیڈر نوابزادہ میر احمد خان مگسی تحصیل صدر گنداواہ سید صفدر اکبر علی شاہ حسینی کی خصوصی دلچسپی اور مہربانی سے کوڑو واٹر سپلائی اسکیم کے لیے نئے 04 نئے شمسی پلیٹ، مہیا کر دیے گئے واٹر سپلائی میں نصب شمسی پلیٹس کا مکمل نیا فریم نصب کر دیا گیا۔ اور واٹر سپلائی اسکیم کا کمرہ مکمل ریپئر کر دیا گیا واضح رہے کچھ عرصے سے کوڑو واٹر سپلائی اسکیم کے حوالے سے عوام کو بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

محکمہ لیبر و افرادی قوت حکومت بلوچستان کے اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ لیبر و افرادی قوت حکومت بلوچستان کے اعلامیہ کے مطابق مجاز حکام کی منظوری اور سلیکشن بورڈ 1 کی سفارش پر عزیز الرحمن پرنسپل (بی-18) کو اپرنٹس شپ ٹریز (بی-19) کے عہدے پر 19 جولائی 2021 سے ترقی دی گئی ہے۔

وائس چانسلر بیوٹمز احمد فاروق بازئی سے ڈائریکٹر نیب رفیق میمن ملاقات کر رہے ہیں

ملک اور سماج سیاسی عمل کے بغیر نہیں چل سکتے، جان محمد بلیدی

اگر سیاست پر قدغن لگانے کا منفی عمل ہوگا تو ملک آج ہی کی طرح سنگین بحرانوں کے دلدل میں دھنستا جائے گا

ریاست کو ان غم کو کم کرنے کیلئے ان کے ساتھ ہوتے ہوئے مطالبات کو تسلیم کرنا چاہیے، نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی نے کہا ہے کہ ملک اور سماج سیاسی عمل کے بغیر نہیں چل سکتے۔ اگر سیاست پر قدغن لگانے کا منفی عمل ہوگا تو ملک آج ہی کی طرح سنگین بحرانوں کے دلدل میں دھنستا جائے گا۔ ماتی ڈیم زیارت کے شہداء کے لواحقین غمزدہ ہے اور ریاست کو ان غم کو کم کرنے کیلئے ان کے ساتھ ہوتے ہوئے مطالبات کو تسلیم کرنا چاہیے۔ کوئی خاندان اپنے پیاروں کی لاشوں کی تدفین سے انکار کا قدم صرف اور صرف مزید ظلم و بربریت سے بچنے اور لاشیں نہ اٹھانے کیلئے اختیار کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پارٹی کے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

امن اور عوام کی جان و مال کی تحفظ کیلئے ہر ممکن کوشش کرینگے، نور محمد دمڑ

زیارت سمیت صوبے کی پرامن حالات کو ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت خراب کی سازش کی جارہی ہیں

موبائل فون ٹاور تباہ کرنے میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف کے سخت کارروائی کرینگے، صوبائی وزیر پی ایچ ای / واسا

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای / واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے زیارت زیرو پوائنٹ کے ساتھ کوٹی کے پہاڑ پر واقع یوفون ٹاور کو دہشت گردوں کی جانب سے تباہ کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ زیارت سمیت صوبے کی پرامن حالات کو ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت خراب کی سازش کی جارہی ہیں جسے کسی بھی صورت کامیاب نہیں ہونے دینگے موبائل فون ٹاور تباہ کرنے میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف کے سخت کارروائی کرینگے ان خیالات انہوں نے اپنے جاری کردہ مذمتی بیان میں کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ صوبے میں قائم امن کیلئے تمام تر اقدامات کر رہے ہیں چند مٹھی بھر شر پسند صوبے کی پرامن بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ، میر ظہور احمد بلیدی، اسد بلوچ، نوابزادہ گہرام بگٹی و دیگر مذمتی قرارداد پر اظہار خیال کر رہے ہیں

ممتاز قبائلی رہنما نگری شیر محمد شاہوانی حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے انتقال کر گئے

قلات (نامہ نگار) ممتاز قبائلی رہنما نگری شیر محمد شاہوانی حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے انتقال کر گئے۔ وہ مرحوم نگری محراب خان شاہوانی کے بڑے صاحبزادے، نگری عبدالغفور شاہوانی، نگری عبدالسلام شاہوانی، شائستہ خان شاہوانی کے بڑے بھائی، ریٹائرڈ پرنسپل ایلمنٹری کالج قلات محمد اکبر شاہوانی، ماسٹر محمد عمر شاہوانی، ماسٹر اللہ بخش شاہوانی، ماسٹر در محمد شاہوانی کے بھائی جبکہ نیشنل پارٹی کے صوبائی ورکنگ کمیٹی کے ممبر کامریڈ رشید بلوچ، یوسف بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

میٹروپولیٹن کارپوریشن کی نااہلی، شہر میں راتوں رات پارکنگ بننے لگے

میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے ٹینڈر کئے بغیر کارپوریشن کے نام رسیدیں بھی بٹ ڈالی

ضلعی انتظامیہ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کا انتظامیہ خاموش تماشائی بنی رہی

کوئٹہ (آن لائن) میٹروپولیٹن کارپوریشن کی نااہلی، شہر میں راتوں رات پارکنگ بننے لگے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے ٹینڈر کئے بغیر کارپوریشن کے نام رسیدیں بھی بٹ ڈالی اور کارپوریشن کے جاری کردہ پارکنگ فیس کے نوٹیفکیشن کی بھی خلاف ورزی کرتے رہے جبکہ ضلعی انتظامیہ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کا انتظامیہ خاموش تماشائی بنی رہی۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ناک بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

ایرانی تیل کے کاروبار پر پابندی لگانا بلوچستان کے غریب عوام کے ساتھ ظلم کے مترادف ہیں، نگری ظفر اللہ لہڑی

صوبائی حکومت نے ایرانی تیل کی کاروبار پر پابندی لگا کر غریب بلوچستان کے ہزاروں نوجوانوں سے ان روزگار چھین لیا ہے

قلات (این این آئی) قلات کے سیاسی و قبائلی اور سماجی رہنماؤں نگری ظفر اللہ لہڑی علی دوست مینگل محب اللہ لہڑی ولی اللہ لہڑی مجیب الرحمان جتک حفیظ اللہ نعل محمد لہڑی محمد بقا نوتانی اور دیگر نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے ایرانی تیل کی کاروبار پر پابندی لگا کر غریب بلوچستان کے ہزاروں نوجوانوں سے ان روزگار چھین لیا ہے ایرانی تیل کے کاروبار سے منسلک ہزاروں لوگ نان شبینہ کا محتاج ہوگئے ہیں اور ایرانی تیل کے کاروبار کے بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

ریٹائرڈ ٹیچر حاجی رسول بخش لانگو انتقال کر گئے

قلات (نامہ نگار) ریٹائرڈ ٹیچر حاجی رسول بخش لانگو انتقال کر گئے مرحوم کی تدفین مقامی قبرستان میں کر دی گئی نماز جنازہ و تدفین میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی۔ فاتحہ خوانی ان کے گھر قلی خاران قلات میں جاری ہے دریں اثناء میر احمد یار خان پریس کلب قلات کے صحافیوں میر غلام حسین بلوچ، فیض بیجاری، ضیاء الرحمان بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

سٹی پولیس اپنے فرائض کو خوش اسلوبی سے سرانجام دے رہی ہے، غلام علی کنڈرانی

اوستہ محمد عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس فورس کا اولین فریضہ ہے، ایس ایچ او سٹی اوستہ محمد

چھتر (این این آئی) ایس ایچ او سٹی اوستہ محمد غلام علی کنڈرانی نے کہا ہے کہ سٹی پولیس اپنے فرائض کو خوش اسلوبی سے سرانجام دے رہی ہے اوستہ محمد عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس فورس کا اولین فریضہ ہے اوستہ محمد کی سرزمین جرائم پیشہ عناصر کے لیے تنگ کر دی گئی پولیس آفیسران، اہلکاران اپنے فرائض دیانتداری کے ساتھ سرانجام دے رہے ہیں ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او سٹی اوستہ محمد غلام علی کنڈرانی نے این این آئی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ایس ایچ او غلام علی کنڈرانی نے کہا کہ ڈی آئی جی نصیرآباد رینج کیپٹن (ر) پرویز احمد چانڈیو، ایس ایس پی جعفرآباد بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

پروفیسر محمد صدیق قمر کی زوجہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی آج سے کوئٹہ میں ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی اشرف کاکڑ کی ہمشیرہ، حاجی حج خان کاکڑ کی بیٹی، پروفیسر محمد صدیق قمر مرحوم کی زوجہ، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عمران صدیق، ڈاکٹر پروفیسر عرفان صدیق کی والدہ جو گزشتہ دنوں لاہور میں انتقال کر گئیں تھیں مرحومہ کی تدفین کے بعد اہل خانہ واپس کوئٹہ پہنچ گئے ہیں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بدھ (8 ستمبر) سے ایئرپورٹ روڈ چمن ہاؤسنگ اسکیم کے ساتھ واقع سلام آغا اسکیم کی مسجد میں ہوگی۔

کوئٹہ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید مدثر شاہ ایس بی کے یونیورسٹی کی وائس چانسلر سے ملاقات کے بعد سوینئر پیش کر رہے ہیں

بلوچستان صوبے میں ضلعی تحصیل اور ڈویژن سطح پر پارٹی کی تنظیم سازی کی جائے، سمیع اللہ خان جمالی

نوجوان آگے آئیں اور پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کریں، سینئر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل گنداخہ

گنداخہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل گنداخہ کے سینئر رہنما سمیع اللہ خان جمالی نے کہا کہ بلوچستان صوبے میں ضلعی تحصیل اور ڈویژن سطح پر پارٹی کی تنظیم سازی کی جائے اس سلسلے میں ہم پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ بلوچستان میں پارٹی کی تنظیم سازی کریں کیونکہ کافی سال گزر چکے ہیں کہ تنظیم سازی نہیں ہوئی ہے اور پرانی تنظیم سازی کی مدت بھی پوری ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان آگے آئیں اور پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کریں۔ پرانی تنظیم سازی کی مدت بھی پوری ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان آگے آئیں اور پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کریں۔

نااہل خاندان کی پاکستانی سیاست میں اب کوئی توقع نہیں رہی، شہباز گل

شاہد خاقان عباسی سمیت تمام درباری اپنی کرپشن کا جواب دینے سے قاصر ہیں

مقدمات کی کارروائی سامنے آئی تو نااہل شریف اور درباری منہ دکھانے کے قابل نہیں رہیں گے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے کہ شاہد خاقان عباسی سمیت تمام درباری اپنی کرپشن کا جواب دینے سے قاصر ہیں، وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خاقان عباسی سمیت تمام درباری ماضی میں کی گئی کرپشن کا جواب دینے سے قاصر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقدمات کی کارروائی سامنے آئی تو نااہل شریف اور درباری منہ دکھانے کے قابل نہیں رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پارسائی کا لبادہ اوڑھے شاہد خاقان عباسی ایل این جی کے حوالے سے پروپیگنڈہ کر کے اپنے کرتوتوں کو چھپانے کی کوشش کرتے بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 8 ستمبر کو انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے شاہنواز، ایف بی ایس، شیخ زید، سیکا فیڈروں سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسی طرح 9 ستمبر کو مری آباد گرڈ کے مری آباد، سید آباد، کانسی اور کانسی III فیڈروں سے دن 12 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک نیز اسی روز 132 کے وی تمپ۔ تربت ٹرانسمیشن بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

7 ستمبر ہمارا نظریاتی دفاع اور استحکام کا دن ہے، مولانا عبداللہ جتک

قادیانیوں کو جمہوری اور پارلیمانی بنیاد پر غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا تاریخ ساز فیصلہ کیا

اوستہ محمد (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سپریم کونسل کے ممبر مولانا عبداللہ جتک نے اپنے بیان میں کہا کہ 7 ستمبر ہمارا نظریاتی دفاع اور استحکام کا دن ہے اور یہ دن ہمارے لیے فتح کا دن ہے اس لیے کہ پارلیمنٹ کے اندر مولانا مفتی محمود اور دیگر مذہبی جماعتوں کے قائدین نے ختم نبوت کے حوالے سے جو آئینی جنگ لڑی اور اس میں کامیابی حاصل ہو بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

خان نصیر خان نوری کے بعد سردار عطاء اللہ مینگل جیسا لیڈر پیدا نہیں ہوا ہے، پرنس موسیٰ جان بلوچ

سردار عطاء اللہ مینگل کی رحلت کے محکوم اقوام کے تحریکوں کے لیے عظیم نقصان ہے

قلات آنکھیں (آن لائن) خان نصیر خان نوری کے بعد سردار عطاء اللہ مینگل جیسا لیڈر پیدا نہیں ہوا ہے سردار عطاء اللہ مینگل کی رحلت کے محکوم اقوام کے تحریکوں کے لیے عظیم نقصان ہے پرنس موسیٰ جان بلوچ بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر اور خان آف قلات کے چچا پرنس موسیٰ جان بلوچ نے کہا ہے کہ خان نصیر خان نوری کے بعد بلوچستان میں سردار عطاء اللہ بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

ریلوے ورکرز یونین ہمیشہ مزدوروں کی حقوق کیلئے آواز بلند کیا، خدا بخش لانگو

ریٹائرڈ ملازمین کی گریجویٹی عرصہ 2 سال سے روکا ہوا ہے بیواؤں اور جولا فنڈ بھی ادا نہیں ہو رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن کے صدر خدا بخش لانگو ڈویژن جنرل سیکرٹری شیر محمد بلوچ مرکزی نائب صدر نسیم سنگوری، ڈویژ چیئرمین لعل محمد یوسفزئی، ڈویژ چیف آرگنائزر محمد سلیم سرپرست نائب صدر عمر گل آفریدی، مہر اللہ لغاری، زاہد جاوید، سید محمد بگٹی، محمد حسین کھتران، عاقل خان بگٹی، محمد قاسم، محمد اسماعیل لانگو اور دیگر مزدوروں نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ریلوے ورکرز یونین ہمیشہ مزدوروں کی حقوق کیلئے آواز بلند کیا اب بھی کرتے رہیں گے ہمارے ریلوے انتظامیہ سے مطالبہ ہے کہ بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

اسکول آف لیڈرشپ کے زیر اہتمام 20 ویں ینگ لیڈرز کانفرنس کا انعقاد

اوتھل (این این آئی) اسکول آف لیڈرشپ کے زیر اہتمام 20 ویں ینگ لیڈرز کانفرنس کا انعقاد، لسبیلہ سے نوجوانوں کی بھرپور شرکت۔ تفصیلات کے بقیہ نمبر65 صفحہ 3 پر

جمعیت طلباء اسلام نظریاتی مسٹر اور ملا کے درمیان تفریق ختم کرنا چاہتی ہے، حافظ امین اللہ

ہمارا مقصد مسٹر اور ملا کے درمیان فرنگی سامراج کا پیدا کردہ تفریق کو ختم کرنا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلباء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ امین اللہ اور جنرل سیکرٹری حافظ سمیع اللہ سینئر نائب صدر عزیز الحق درویش نصیب خان عبدالقادر عبدالغفور شمشوزئی محب اللہ خلجی تاج محمد غروئی نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جمعیت طلباء اسلام نظریاتی مسٹر اور ملا کے درمیان تفریق ختم کرنا چاہتی ہے انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد مسٹر اور ملا کے درمیان فرنگی سامراج کا پیدا کردہ تفریق کو ختم کرنا ہے کسی بھی قوم کا ترقی اور کامیابی کا انحصار اس قوم کے نوجوانوں پر ہوتا ہے اگر اس کے نوجوان خود دار ہنرمند اور اپنا مستقبل کو روشن کرنے کیلئے محنت کرتے ہیں

دین اسلام کا نفاذ پاکستان کی بقاء سلامتی اور استحکام کے لیے ناگزیر ہے، امیر تنظیم اسلامی

پاکستان کا قیام قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد کا نتیجہ تھا

کوئٹہ (آن لائن) امیر تنظیم اسلامی جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ دین اسلام کا نفاذ پاکستان کی بقاء، سلامتی اور استحکام کے لیے ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ اگرچہ پاکستان کا قیام قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد کا نتیجہ تھا لیکن حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کا مطلب کیا کے ایمان افروز اور ولولہ انگیز نعرے نے اس تحریک کو ایسی قوت بخش دی کہ انگریز حکمران اور ہندوؤں کی جماعت آل انڈیا کانگریس متحدہ ہند کے موقف سے پسپا ہونے پر مجبور ہوگئی پھر اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا اور قیام پاکستان کے ڈیڑھ سال بعد 1949 میں قرارداد مقاصد منظور ہوگئی جس سے ریاست کی سمت بجا طور پر متعین ہوگئی۔

وڈھ سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی سردار اختر مینگل سے سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ اے این پی کے مرکزی رہنما، غلام احمد بلور سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر عبدالمالک کاسی کی وفات پر ان کے بھائی غفور کاسی سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں